
## رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**25% پاکستانی والدین اپنے بچوں کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش رکھتے ہیں، اس کے بعد بچوں کو ٹیچر (13%) اور کاروباری شخصیت (12%) بنانے کو سب سے زیادہ ترجیح دی جاتی ہے؛ اپنے بچوں کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش 30 سال سے کم عمر والدین (37%)، خواتین (27%) اور ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین (26%) میں سب سے زیادہ پائی گئی۔**

آپ کیا چاہتے/ چاہتی ہیں کہ آپ کا بچہ بڑا ہو کر کیا بنے




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 8

"والدین کی اپنے بچوں کے مستقبل کے پیشے کے بارے میں رائے"

**25% پاکستانی والدین اپنے بچوں کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش رکھتے ہیں، اس کے بعد بچوں کو ٹیچر (13%) اور کاروباری شخصیت (12%) بنانے کو سب سے زیادہ ترجیح دی جاتی ہے؛ اپنے بچوں کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش 30 سال سے کم عمر والدین (37%)، خواتین (27%) اور ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین (26%) میں سب سے زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 24 اگست 2026


گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، زیادہ تر پاکستانی والدین اپنے بچوں کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش رکھتے ہیں (25%)، اس کے بعد بچوں کو ٹیچر (13%) اور کاروباری شخصیت (12%) بنانے کو سب سے زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی آٹھویں سیریز ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول کی فیس اور تعلیمی معیار کے بارے میں والدین کی رائے" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کیا چاہتے/چاہتی ہیں کہ آپ کا بچہ بڑا ہو کر کیا بنے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 25% والدین کے مطابق وہ اپنے بچے کو 'ڈاکٹر' بنانا چاہتے ہیں، 13% کے مطابق وہ اپنے بچے کو 'ٹیچر' اور 12% کے مطابق وہ اپنے بچے کو 'کاروباری شخصیت' بنانا چاہتے ہیں، جبکہ 11% والدین نے اپنے بچے کیلئے 'فوج یا پولیس' کے شعبے کو ترجیح دی۔ 5% والدین نے 'انجینئرنگ' اور 5% نے 'مذہبی شعبے' کو پسند کیا۔ 3% والدین نے CSS/سرکاری افسر'، جبکہ 1% نے 'IT یا کمپیوٹر' کے شعبے کو ترجیح دی۔ مزید 7% اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، 17% والدین کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں، جبکہ 1% والدین نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"آپ کیا چاہتے/چاہتی ہیں کہ آپ کا بچہ بڑا ہو کر کیا بنے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**جنس کے اعتبار سے نتائج**: خواتین میں اپنے بچے کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش مرد حضرات کے مقابلے میں زیادہ ہے (27% بمقابلہ 22%)۔ اسی طرح، خواتین میں اپنے بچے کو ٹیچر بنانے کی ترجیح بھی زیادہ دیکھنے میں آئی (15% بمقابلہ 11%)۔ دوسری جانب، مرد حضرات اپنے بچوں کے لیے کاروبار (14%) اور مذہبی شعبے (7%) کو خواتین کے مقابلے میں زیادہ پسند کرتے ہیں، جہاں یہ شرح بالترتیب 10% اور 3% رہی۔




*نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار اس میں شامل نہیں ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


**تعلیم کے اعتبار سے نتائج**: ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں اپنے بچے کو ڈاکٹر بنانے کی خواہش زیادہ پائی گئی (26%)، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 18% رہی۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں 16% نے دیگر پیشوں کا انتخاب کیا، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 6% ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تعلیم یافتہ والدین اپنے بچوں کے لیے نسبتاً مختلف اور وسیع تر پیشوں پر غور کرتے ہیں۔




*نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار اس میں شامل نہیں ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج**: والدین کی عمر کے لحاظ سے بچوں کے مستقبل کے پیشے کے بارے میں واضح فرق نظر آتا ہے۔ 30 سال سے کم عمر 37% والدین چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ ڈاکٹر بنے، جبکہ 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کے والدین میں یہ شرح صرف 12% ہے۔ نوجوان والدین کاروبار کو بھی زیادہ ترجیح دیتے ہیں (27%) جبکہ 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کے والدین میں یہ شرح 19% ہے۔ دوسری جانب، بڑی عمر کے والدین فوج/پولیس (17%) اور ٹیچنگ (12%) کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں، جبکہ 30 سال سے کم عمر والدین میں یہ شرح بالترتیب 7% اور 3% ہے۔




*نوٹ: معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے اعداد و شمار اس میں شامل نہیں ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی والدین اپنے بچوں کے لیے سب سے زیادہ ڈاکٹر کے پیشے کو ترجیح دیتے ہیں، جبکہ ٹیچنگ، کاروبار اور فوج/پولیس بھی نمایاں طور پر پسند کیے جانے والے شعبے ہیں۔ والدین کی ترجیحات عمر اور علاقے کے لحاظ سے بھی مختلف نظر آتی ہیں۔ نوجوان والدین میں ڈاکٹر کے پیشے کی خواہش نسبتاً زیادہ ہے، جبکہ بڑی عمر کے والدین کاروبار، سرکاری ملازمت اور مذہبی شعبے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 24th August 2026**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)